# اسلامی یونیورسٹی مدینہ منورہ
# میں بیرونی اسکالر
# شپ پر بیچلر
# میں داخلہ لینے کیلیئے رہنما
# کتابچہ(پراسپیکٹس)

برائے سال 1443ھ/22-2021م



## اسلامی یونیورسٹی(مدینہ منورہ)کا مختصر تعارف

اسلامی یونیورسٹی کا قیام ِشاہی فرمان نمبر (۱۱) کے تحت، مورخہ ۲۵ربیع الاول ۱۳۸۱ ھ بمطابق ٦ ستمبر ١٩٦٢ م کو عمل میں آیااور اس میں تعلیم کا باقاعدہ آغاز ۲ جمادی الاولی ۱۳۸۱ھ بروز اتوار کو ہوا۔

اسلامی یونیورسٹی کا مقصد سعودی بین الاقوامی ادارہ ہونے کی حیثیت سے دنیا کے ممالک کے طلباء کو اسلامی اور عربی علوم اور دیگر علوم کی تعلیم دینا اور سائنسی تحقیق اور نمایاں سوشل خدمات کیلیئے ٹیکنالوجی کا زیادہ سے زیادہ بہترین استعمال کر کے اسلام کے دائمی پیغام کو عام کرنے کےاپنے مشن کو حاصل کرنا ہے ۔

٦٠ سال پہلے اسلامی یونیورسٹی کے آغاز سے لے کر اب تک ١٧٠ سے زیادہ ممالک کے طلباء یونیورسٹی میں داخلہ لے چکے ہیں اور اس وقت ١٤٠ سے زیادہ ممالک کے طلباء اس میں زیرتعلیم ہیں ، جو اس کے تقریبا ٧٥٪ (ریگولر)طلباء کی نمائندگی کرتے ہیں۔

## بین الاقوامی(بیرونی) اسکالرشپس کا تعارف:

بیرونی اسکالرشپ سے مراد وہ تعلیمی نشست ہے جو سعودی عرب سے باہر مقیم غیر سعودی طالب علم مملکت سعودی عرب کے اعلی تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے حاصل کرتا ہے۔

یہ انڈرگریجویٹ سطح پر ریگولر طلباء کے لئے ایک مفت نشست ہے جو سعودی عرب کی حکومت کی طرف سے بین الاقوامی طلباء کو فراہم کی جاتی ہے جس میں طلباء کو متعدد مالی مراعات کے ساتھ ساتھ یونیورسٹی کے ماحول کے لئے موزوں ِضروریات فراہم کی جاتی ہیں۔

## بین الاقوامی اسکالرشپ حاصل کرنے والے طالب علم کیلیئے مالی مراعات

- ماہانہ الاؤنس
- کتابوں کے لئے ایک ماہ کا سالانہ بونس، اور یہ صرف تعلیم کو توسیع(اضافی سمسٹر) کے بغیر، مخصوص چار سالہ قانونی مدت میں مکمل کرنے والے کو ملے گا۔
- یونیورسٹی پہنچنے پر سامان کے لئے دو ماہ کا بونس
- ہر تعلیمی سال کے اختتام پر سفر کیلیئے طالب علم کی رہائش گاہ کے قریب ترین ہوائی اڈے تک کا اکانومی کلاس کا ٹکٹ بشرطیکہ طالب علم نے کسی دوسری پارٹی سے ٹکٹ حاصل نہ کیا ہو۔
- کتابوں کی شپنگ کے لئے گریجویشن الاؤنس کے طور پر تین ماہ کا وظیفہ

## بین الاقوامی اسکالرشپ کے طالب علم کو فراہم کردہ سہولیات

یونیورسٹی ہاسٹل

مفت طبی خدمات

جامعہ کے کیمپس اور مسجد نبوی کے
درمیان آمدورفت کیلئے فری بس سروس

ڈسکاؤنٹ کھانا

مشاورت اور رہنمائی

سائنسی اور ثقافتی سرگرمیاں

مرکزی لائبریری

یونیورسٹی اپنے طلبہ کے لئے یونیورسٹی کے اندر عوامی سہولیات کی فراہمی کی خواہاں ہے لہذا اس نے ذمہ دار حکام کے ساتھ مل کر یونیورسٹی کے متعلقہ افراد کو درج ذیل ضروری سہولیات کی فراہمی کے لئے پروگرام طے کیا ہے، جو یہ ہیں:

شاپنگ سینٹرز

ریستوراں اور فاسٹ فوڈ
اسٹورز

الطیار کمپنی برائے سفر،
وسیاحت اور کارگو کا دفتر

ڈاک خانہ

سعودی ائیرلائن کا دفتر

فوٹو کاپی وغیرہ کی دکانیں

تجارتی کتب خانے

# تعلیمی پروگرامز

## شرعی کالجز

### شریعہ

- شریعہ ( 4 سال )

### دعوہ و اصول دین

- عقیدہ اورمذاہب ( 4 سال )

### قرآن کریم اور علوم اسلامیہ

- قرآن کریم اور علوم اسلامیہ ( 4 سال )

### حدیث شریف اور علوم اسلامیہ

- حدیث شریف اور علوم اسلامیہ ( 4 سال )

### عربی زبان

- عربی زبان ( 4 سال )

### قوانین اور عدالتی علوم
(سسٹمز اینڈ جوڈیشل اسٹڈیز)

قانون (دستور) ( 4 سال )

## سائنس کالجز

سائنسی کالجز میں داخلہ کےلئے مشترکہ تیاری کے سال کو پاس کرنا ضروری ہے پھر اس کے بعد کالجز میں طالب علم کو مجموعی حاصل کردہ نمبرز اور دستیاب نشستوں کے مطابق داخلہ دیا جائے گا

### انجینئرنگ کالج

- الیکٹریکل انجینئرنگ ( 5 سال )
- میکینکل انجینئرنگ ( 5 سال )
- سول انجینئرنگ ( 5 سال )

### کمپیوٹر کالج

- کمپیوٹر سائنس ( 5 سال )
- انفارمیشن سسٹم ( 5 سال )
- انفارمیشن ٹیکنالوجی ( 5 سال )

### كلية العلوم

- فزکس ( 4 سال )
- کیمسٹری ( 4 سال )
- ریاضی ( 4 سال )

## ادارہ برائے تعلیم عربی زبان

- عربی زبان کی تعلیم(غیر عرب کیلیئے) ( دو سال )

عربی زبان کی تعلیم کے ادارے(معهد تعليم اللغة العربية) میں داخلہ دراصل شرعی کالجزمیں داخلے کے لئے تیاری کا ایک مرحلہ ہے ، اور اس میں طالب علم اپنی خواہش اور مرضی

کے مطابق داخلہ نہیں لے سکتابلکہ یونیورسٹی خود فیصلہ کرے گی کہ عربی زبان کے ٹیسٹ «اکفا» میں طلبا کے نمبرز کے حساب سے اس میں کس کو داخلہ دیناہے۔

# داخلے کے مراحل

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| أولا | آن لائن پورٹل پر درخواست بھیجنا | 1443 /2/5 ھ<br>2021 /9/12 م | إلى | 29/ 4/ 1443 ھ<br>4/ 12/ 2021 م |
| ثانیاً | درخواستوں کی جانچ پڑتال | 1443 /2/5 ھ<br>2021 /9/12 م | إلى | 12/ 5/ 1443 ھ<br>16/ 12/ 2021 م |
| ثالثاً | عربی زبان کے لیول کو معلوم کرنے کیلئے امتحان» أکفأ « ( یہ دینی و شرعی کالجز میں داخلہ کے خواہش مند ان طلبا کیلئے جو انٹر میڈیٹ کا سرٹیفیکیٹ حاصل کر چکے ہوں اور ان کاتعلق ان ممالک سے ہو جہاں ان کی تعلیمی زبان عربی نہیں ہے) | 1443 /5/12 ھ<br>2021 /12/16 م | إلى | 1/ 6/ 1443 ھ<br>4/ 1/ 2022 م |
| رابعاً | درخواستوں کی اسٹڈی کرنا | 1443 /5/12 ھ<br>2021 /12/16 م | إلى | 1/ 7/ 1443 ھ<br>2/ 2/ 2022 م |
| خامساً | یونیورسٹی کی جانب سےابتدائی طور پر داخلہ ہونا اور حتمی داخلے کیلئے وزارت تعلیم کی منظوری کا انتظار کرنا | 1443 /8/1 ھ<br>2022 /3/4 م | إلى | 1/ 9/ 1443 ھ<br>2/ 4/ 2022 م |
| سادساً | حتمی داخلے کا نوٹس اس نوٹس کے موصول ہونے کے بعد:<br>(۱)درخواست گزار کواپنی تعلیمی خواہش کی تصدیق اور کنفرمیشن کرنی ہو گی۔ (۲)اپنےپاسپورٹ اور تعلیمی سند کی تصویر اپ ڈیٹ کرنی ہو گی، اور آمدہ سمسٹر کا تعین کرنا ہو گا۔<br>(۳)ویزہ کے حصول کیلئے مطلوبہ کاغذات کو مکمل کرنا ہو گا۔ | درخواست گزار کو یونیورسٹی میں حتمی داخلہ کی اطلاع میل کے ذریعے دی جائے گی | | |
| سابعاً | ویزا لینا | آمدہ سمسٹر سے ایک یا دو ماہ قبل | | |
| ثامناً | ویزا کی کاپی منسلک کرنا اور آنے کیلیئے ٹکٹ کی درخواست دینا | جیسے ہی آپ کو ویزا مل جائے | | |
| تاسعاً | یونیورسٹی آمد اور رجسٹریشن کروانا | سمسٹر شروع ہونے سے ایک ہفتہ پہلے | | |

# داخلے کیلئے شرائط

- درخواست گزار ہائی اسکول ڈپلوما یا اس کے مساوی سرٹیفکیٹ مملکت سعودی عرب کے اندرسے یا باہر سے حاصل کردہ ہو۔ (نوٹ) ثانوی اسکول سے فارغ التحصیل ہونے سے پہلے اسلامی یونیورسٹی میں داخلے کے لئے درخواست دے سکتے ہیں، اگر سرٹیفکیٹ کے حصول میں ایک سال یا اس سے کم وقت باقی ہو۔لیکن درخواست گزار کواس وقت دستیاب مارکس شیٹ کی تصویر منسلک کرنی ہو گی، اور درخواست گزار سرٹیفکیٹ کے ملتے ہی ایک سال کی مدت کے دوران اس کو منسلک کرنے کا پابند ہوگا۔
- ہائی اسکول ڈپلوما یا اس کے مساوی سرٹیفکیٹ کو حاصل کیے ہوئے پانچ سال سے زیادہ نہیں ہوئے ہوں۔
- درخواست گزار سعودی عرب میں مقیم نہ ہو۔
- اچھے اخلاق اور کردار کا حامل ہو۔
- عمر ۱۷ سال سے کم اور ۲۵ سال سے زیادہ نہ ہو۔
- نظم و ضبط کی بناء پر کسی اور یونیورسٹی سے نکالا نہ گیا ہو۔
- درخواست گزار نے سعودی عرب کے کسی بھی تعلیمی ادارے سے کوئی اور اسکالرشپ حاصل نہ کی ہو۔
- سرٹیفکیٹ اورکاغذات اپنے ملک کے مجاز حکام سے تصدیق شدہ ہوں۔
- پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ۔
- اپنے ملک کے کسی معروف ادارے، یا کسی مذہبی شخصیت کا تزکیہ۔
- میڈیکل سرٹیفکیٹ۔
- درخواست دیتے وقت یونیورسٹی کی طرف سے کوئی بھی اعلان کردہ امتحان پاس کرنا۔
- ریاست اور یونیورسٹی کے قواعد و ضوابط کی پابندی کرنے کا عہد کرنا۔
- قرآن کریم کے کالج میں داخلے کے لئے ، مکمل قرآن کریم کا حافظ ہونا اور اس کے لئے زبانی امتحان پاس کرنا شرط ہے۔
- شرعی کالجوں میں داخلے کے لئے ضروری ہے:

عربی زبان کے لیول کو معلوم کرنے کے امتحان «أكفأ» میں شامل ہونا یہ ایسے طلبا کے لئے جنہوں نے کسی ایسے ملک سے سیکنڈری سرٹیفکیٹ حاصل کیا ہو جہاں تعلیمی زبان عربی نہیں ہے، یاد رہے کہ یہ امتحان پاس کرنا ضروری نہیں ہے۔

- سائنسی کالجوں میں داخلے کے لئے ضروری ہے کہ:
  - طالب علم نے ہائی اسکول ڈپلوما یا اس کے مساوی سرٹیفکیٹ سائنسی شعبے میں حاصل کیا ہو۔
  - انگریزی زبان میں مہارت ہو۔
  - وہ طلباء جنہوں نے کسی ایسے ملک سے سیکنڈری سرٹیفکیٹ حاصل کیاہے جہاں تعلیمی زبان انگریزی نہیں ہے،تو ان کے لئے (TOFEL) ٹیسٹ میں کم سے کم (۵۰۰) نمبرز یا اس کے مساوی مندرجہ ذیل امتحانات میں سے بیان کردہ مطلوبہ نمبرز حاصل کرنے کا سرٹیفکیٹ پیش کرنا ضروری ہے۔ ٹیسٹوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

| TOFEL | | | IELTS | STEP |
|---|---|---|---|---|
| PBT | CBT | IBT | | |
| 550 | 213 | 79-80 | 6 | 97 |
| 500 | 173 | 61 | 5 | 83 |
| 475 | 153 | 53 | 4.5 | 75 |
| 450-453 | 133 | 45-46 | 4 | 75 |
| 400-403 | 97 | 32 | 4 | 52 |

## عربی زبان کے لیول کو معلوم کرنے کا امتحان (أكفأ):

1

اس ٹیسٹ «أكفأ» کا مقصد یونیورسٹی کے شرعی کالجزمیں داخلہ لینے والے طالب علم کی زبان کی صلاحیت کو جاننا ہے تاکہ اس کے لئے مناسب تعلیمی شعبے کا انتخاب کیا جا سکے (یعنی ابتدائی عربی زبان سیکھنے کا شعبہ یا براہ راست جس کالج میں وہ داخلے کا خواہش مند ہےاس میں اسے داخلہ دینا) ۔

2

شرعی فیکلٹیوں میں داخلہ لینے کے خواہشمند تمام طلباء جن کے پاس سیکنڈری سرٹیفکیٹ ایسے ملک سے ہے جہاں تعلیم کی زبان عربی نہیں ہے انہیں لازمی طور پر عربی زبان کی مہارت کا ٹیسٹ «أكفأ» دینا ہو گا اور «أكفأ» امتحان نہ دینے کی صورت میں داخلے کیلیئے نامزد نہیں کیا جائے گا۔

3

«أكفأ» ٹیسٹ مخصوص لنک کے ذریعہ اعلان کردہ تاریخ اور طریقہ کار کے مطابق آن لائن لیا جائے گا۔

4

شرعی فیکلٹیوں میں براہ راست داخلہ لینے کےلئے «أكفأ» ٹیسٹ میں (٨٠) یا اس سے زائدنمبر حاصل کرنے ہوں گے ، اور کم نمبر حاصل کرنے کی صورت میں اسے عربی زبان کو سیکھنے کے لئے عربی زبان کی تعلیم کے ادارے(معهد تعليم اللغة العربية)میں بھیج دیا جائے گااور پھر اسے مکمل کرنے کے بعد کالج میں داخلہ دیا جائے گا۔

# ضروری گزارشات

1. شرعی کالجوں میں تعلیم عربی میں دی جاتی ہے، اور سائنسی کالجوں میں انگریزی میں۔
2. یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے درخواستیں وصول کرنے کے لئے دنیا میں کہیں بھی یونیورسٹی کے دفاتر یا ایجنٹ نہیں ہیں ۔
3. •داخلہ کے لئے درخواستیں صرف مخصوص آن لائن پورٹل کے ذریعہ وصول کی جاتی ہیں۔
4. درخواست گزار کو چاہیئے کہ اپنی درخواست خود بھیجے اور درخواست کی تکمیل کے بعد دیئے گئے درخواست نمبر کو ذمہ داری کے ساتھ اپنے پاس محفوظ رکھے۔
5. یونیورسٹی میں داخلے کے لئے درخواست دینے کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہے کہ آپ کا داخلہ ہو جائے گا جب تک درخواست گزار کو یونیورسٹی کی طرف سے تحریری طور پر قبول ہونے کی اطلاع نہ دے دی جائے۔
6. درخواست گزار کی طرف سے درخواست میں درج کردہ معلومات پر انحصار نہیں کیا جائے گا جب تک کہ متعلقہ دستاویزات اس کے ساتھ منسلک نہ کر دی جائیں۔
7. حتمی داخلے کے بعد، طالب علم کو یونیورسٹی میں تعلیمی سمسٹر کا تعین کرنا ہو گا، اور اگر وہ چاہے تواپنے تعلیمی سمسٹر کو اپنی آخری حتمی منظوری کی تاریخ سے دو سال بعد تک ملتوی کرسکتا ہے۔

# اقرار نامہ

1. درخواست گزار کو عہد کرنا ہو گا کہ داخلے کے لئے درخواست میں جو معلومات درج کی ہیں وہ درست ہیں اور اس کے تمام کاغذات اور سرٹیفیکیٹس مسخ یا جعلسازی سے پاک ہیں۔ اور کاغذات کے جعلی ثابت ہونے کی صورت میں درخواست گزار کا داخلہ منسوخ کردیا جائے گا اور وہ سزا کا مستحق ہوگا۔
2. اسی طرح طالب علم ریاست اور یونیورسٹی کے قواعد و ضوابط کی پابندی کرنے کا عہد کرے گا، جس میں طالب علم کو فارغ التحصیل ہونے کے بعد، یا تعلیم چھوڑنے، یا رجسٹریشن منسوخ ہونے کی صورت میں مملکت کے اندر رہنے کی اجازت نہ ہونا بھی شامل ہے۔اور وہ اپنی کفالت کو یونیورسٹی کے علاوہ کسی اور کو منتقل کرنے کا حقدار نہیں ہو گا، اوراپنے ملک کا سفر کرنے کا پابند ہو گا۔ خلاف ورزی کی صورت میں ، یونیورسٹی کو اس سلسلے میں قانونی کارروائی کرنے کا حق حاصل ہے۔

الجامعة الإسلامية بالمدينة المنورة
ISLAMIC UNIVERSITY OF MADINAH